# اساتذہ کے لیے تدریسی خاکہ علم ادب کلاس۔۷

## معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پہلا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | تعارف | استاد اور طلباء کا تعارف | استاد اپنا تعارف کرائے اور جماعت کے ہر طالب علم سے اس کا نام اور اس کے بارے میں ایک دو اور سوالات کرے | |
| ۲ | | | کام کرنے کے اصول | جماعت میں کام کرنے کا طریقہ کار | استاد طلباء کو اپنی تدریسی طریقہ کار سمجھائے۔ | |
| ۳ | | | تجزیاتی ورک شیٹ | پچھلی جماعتوں میں کیے گئے کام کی جانچ | ورک شیٹ کے ذریعے پچھلی جماعتوں کی پڑھائی کی جانچ کی جائے۔ | |
| ۴ | ۱ | ۱ | حمد | اللہ کی بے پناہ قدرت اور اس کی نشانیوں کا احساس پیدا کرنا<br>حمد کی تشریح | سب سے پہلے معلم جماعت کے تمام بچوں کو ایک باغیچہ یا کسی ایسی جگہ لے جائیں جہاں پھول پودے وغیرہ ہوں۔اس کے بعد طلبہ سے سوال کریں کہ اسکول کا یہ حصہ یا یہ جگہ منفرد کیوں ہے؟ طلبہ اپنی فہم کے مطابق رائے دیں گے۔ جب تمام طلبہ اپنی رائے کا اظہار کر چکیں تو استاد ان کی رائے کو سامنے رکھتے ہوئے اللہ تعالیٰ کی بنائی ہوئی چیزوں کے بارے میں بتائیں اور موضوع کی طرف آئیں۔<br>استاد ہر طالب علم سے ایک یا دو شعر کی بلند خوانی کروائے اور الفاظ کو صحیح تلفظ کے ساتھ ادا کروائے۔اس کے بعد ایک ایک شعر کی تشریح کی جائے۔ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | اللہ تعالیٰ کے ۱۲۰ اسماء الحسنٰی یاد کر کے آئیں۔ |
| ۵ | | | | حمد کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے حمد کی بلند خوانی کروائے تاکہ حمد ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ | |
| ۶ | ۱ | ۲ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات<br>مرکزی خیال لکھنا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>طلبہ استاد کی رہنمائی میں حمد کا مرکزی خیال اپنے الفاظ میں خود لکھیں | مشق ۳۔۴ کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### دوسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱ | ۳ | مشق ۵<br>سرگرمی | مصرعے مکمل کرنا<br>چارٹ بنانا | دیئے گئے نامکمل مصرعوں کو مکمل کریں<br>اللہ تعالیٰ کے صفاتی ناموں کا ایک چارٹ بنایئے (نام بچے پہلے یاد کر چکے ہیں) ہر گروپ کو ایک ایک چارٹ پیپر دیا جائے۔ معلم انہیں ہدایات دیں کہ وہ رنگین مارکر کا استعمال کرتے ہوئے خوبصورت انداز سے اس پر اللہ تعالیٰ کے نام تحریر کریں۔ سب سے بہتر چارٹ کو کمرہ جماعت میں لگایا جائے۔ | مشق ۶۔۷ گھر سے کر کے لائیں |
| ۲ | | ۲ | سرگرمی<br>نئے الفاظ | اسمائے حسنٰی یاد کرنا<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | طلباء مزید ۱۰ اسمائے حسنٰی معنی کے ساتھ یاد کریں<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | |
| ۳ | ۲ | ۷۸ | اے نگارِ وطن تو سلامت رہے | بچوں میں حب الوطنی کے جذبات پیدا کرنا<br>بلند خوانی | سب سے پہلے استاد طلبہ کو انفرادی طور پر ایک ایک پرچہ تقسیم کریں۔ طلبہ سے کہا جائے کہ وہ اپنے پیارے وطن پاکستان پر کوئی ایک جملہ لکھیں۔ پانچ منٹ بعد ایک کل جماعتی گفتگو میں ہر بچہ سے باری باری جملہ سنا جائے۔ پھر موضوع کی طرف آئیں۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | اپنی پسند کا کوئی ملی نغمہ یاد کر کے آئیں |
| ۴ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۵ | | ۹۵ | مشق ۱۔۳ | سوالات کے جوابات<br>ٹیپ کے مصرع کی پہچان | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>استاد طلبہ کو ٹیپ کے مصرعے کے متعلق کتاب میں دی گئی ہدایات کو سمجھائے اور مشق کروائیں | مشق ۲۔۴ گھر سے کر کے لائیں |
| ۶ | | | سرگرمی | تصویری پیشکش بنانا | طلبہ سے گروپ میں 'میرا پاکستان' کے عنوان سے تصاویر کے ذریعے ایک پیشکش تیار کریں اور اپنے وطن پر ایک شعر لکھیں | مشق ۵ گھر سے کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### تیسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۲ | | مشق ۶<br>نئے الفاظ | سابقے اور لاحقے کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | سابقے اور لاحقے لگا کر نئے الفاظ بنایئے<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | اپنے وطن کے لیے کوئی اچھی سی دعا لکھ کر لایئے۔ |
| ۲ | ۳ | ۷۔۸ | دانا کسان | دانائی کی اہمیت واضح کرنا<br><br>بلند خوانی | سب سے پہلے معلم طلبہ سے کچھ سوال کریں مثلاً کیا کبھی آپ کے ساتھ ایسا ہوا ہے کہ آپ کسی مشکل میں پھنس گئے ہوں اور آپ اپنی عقل استعمال کر کے اس مشکل یا پریشانی سے نکل گئے ہوں؟ ؟ یا کبھی کسی بھی کام میں آپ نے عقلمندی سے کام لیا ہو اور آپ کو اپنے آپ پر فخر ہو اہو؟ وغیرہ اس کے بعد موضوع پر آئیں۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | نیٹ کی مدد سے دانائی کے عنوان پر کوئی اور کہانی یاد کر کے آئیں اور جماعت میں سنائیں |
| ۳ | | | | سبق کی پڑھائی | استاد کی رہنمائی میں طلبہ سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔طلبا سے کہا جائے کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۴ | | ۸۔۹ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات جملے بنانا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں ۔دیئے گئے الفاظ کے جملے بنائیں | مشق ۳ کر کے لائیں |
| ۵ | | ۹ | مشق ۴۔۵ | ضمیروں کو پہچان<br><br>مذکر مونث کی یاد دہانی | بورڈ پر کچھ عبارات لکھی جائیں جس میں ایک ہی نام کی بار بار گردان ہو اور طلبہ سے ان کو پڑھوایا جائے۔مثلاً علی اپنی جماعت کا ہوشیار بچہ ہے۔علی روزانہ اسکول وقت پر پہنچتا ہے۔علی اپنا ہر کام وقت پر مکمل کرتا ہے علی کو اس کے تمام اساتذہ پسند کرتے ہیں۔علی کے بہت سارے دوست ہیں۔طلبہ بتائیں گے کہ بار بار علی لکھا ہوا ہے۔اس کے بعد کتاب میں دی گئی قواعد سمجھائیں اور مشق کروائیں۔<br>طلبہ سابقہ جماعتوں میں مذکر مونث کے بارے میں پڑھ چکے ہیں۔لہٰذا اس کا اعادہ کروایا جائے۔لوپ کارڈ کی سرگرمی کے ذریعے مشق کرائی جائے۔لوپ کارڈ بنانے کا طریقہ پچھلی جماعتوں میں بتایا جا چکا ہے۔ | ایک پرندہ اپنی دانائی کی وجہ سے مشہور ہے کیا آپ بتا سکتے ہیں وہ کون سا پرندہ ہے۔ہم سب اس کو تقریباً روز دیکھتے ہیں۔ |
| ۶ | | ۸ | مشق ۶<br>نئے الفاظ | زمانے کی یاد دہانی<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | کتاب میں دی گئی قواعد سمجھائیں اور مشق کروائیں<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### چوتھا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | ۴ | ۱۰۔۱۱ | سردار عبدالرب نشتر | قائداعظم کے قریبی ساتھی سے روشناس کرانا<br>بلند خوانی | طلبہ کو تحریک پاکستان کے مشہور رہنماؤں کی تصاویر کا چارٹ دکھایا جائے اور ان کے نام پوچھے جائیں ۔ان میں سردار عبدالرب نشتر کی تصویر بھی ہو۔پھر موضوع کی طرف آئیں۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | نیٹ کی مدد سے سردار عبدالرب نشتر کا تصویری خاکہ پرنٹ کریں اور اس سبق سے ان کے متعلق چند اہم باتیں لکھ کر چارٹ بنائیں |
| ۴ | | | | سبق کی پڑھائی | استاد کی رہنمائی میں طلبہ سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔طلبا سے کہا جائے کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۵ | | | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات<br>جملے بنانا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیئے گئے الفاظ کے جملے بنائیں | مشق ۳۔۴ گھر سے کر کے لائیں |
| ۶ | | | سرگرمی | سبق سے حاصل کردہ علم وفہم کی جانچ | جماعت کو دو گروہوں میں تقسیم کیا جائے۔ایک گروہ اس سبق کے حوالے سے سوالات تیار کرے جبکہ دوسرا گروہ اپنے آپ کو جوابات دینے کے لیے تیار کرے۔<br>☆جو گروہ جوابات کے لیے تیار ہوا ان میں سے کسی بھی ایک بچے کو سردار عبدالرّب نشتر بنایا جائے<br>☆جو بچہ سردار عبدالرّب نشتر بنے اس کو ایک کرسی پر بٹھایا جائے۔پھر سوالات کرنے والا گروہ اس بچے سے سوالات کرے۔بچے کی مدد کے لیے دوسرا گروہ اس کے ساتھ کھڑا ہو۔جس گروہ نے جوابات کے لیے اپنے آپ کو تیار کیا ہے وہ گروہ اس بچے کی مدد کرے گا۔<br>☆اس دلچسپ سرگرمی کی وجہ سے طلبہ اچھی طرح اپنا سبق ذہن نشین کر لیں گے۔ | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاد اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پانچواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۴ | ۱۳<br>۱۱ | مشق ۵-۶<br>نئے الفاظ | قواعد سے آگاہی<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | کتاب میں دی گئی قواعد سمجھائیں اور مشق کروائیں<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | مشق ۷ کر کے لائیں |
| ۲ | ۵ | ۱۴-۱۵ | قرینہ زندگی | طلبہ کو زندگی گزارنے کے اصول اور وقت کی اہمیت بتانا<br>بلند خوانی | تختہ تحریر پر دو کالم بنائیں اور طلبہ سے پوچھیں کہ ہمیں اپنے گھر میں اور اسکول میں کن کن باتوں کا خیال رکھنا چاہیے۔ طلبہ کے بتائے ہوئے نکات ان کالموں میں درج کریں۔ پھر موضوع کی طرف آئیں۔:<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | نیٹ کی مدد سے کوئی نظم یاد کر کے آئیں جس میں اچھی زندگی گزارنے کے اصول بتائے گئے ہوں |
| ۳ | | | | سبق کی پڑھائی | استاد کی رہنمائی میں طلبہ سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ دورانِ بلند خوانی طلبا نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں | مشق ۲ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | ۱۵-۱۷ | مشق ۱-۵ | سوالات کے جوابات<br>مترادف الفاظ | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں۔<br>دیے گئے الفاظ کے مترادف لکھیں | مشق ۳-۴ گھر سے کر کے لائیں |
| ۵ | | ۱۷ | مشق ۶-۷ | الفاظ متضاد<br>اسم علم کی پہچان | طلبہ متضاد الفاظ کے بارے میں پڑھ چکے ہیں لہذا استاد ان کو کسی چیز کے بارے میں بتائیں مثلا میرے پاس دو کتابیں ہیں ایک چھوٹی ہے دوسری بڑی۔ ایک کے صفحات کم ہیں دوسری کے زیادہ۔ ایک کی جلد سفید ہے دوسری کی کالی۔ چھوٹی کتاب کو اوپر رکھتی ہوں بڑی کو نیچے۔ وغیرہ۔ پھر طلبہ سے پوچھیں کہ اس میں کتنے الفاظ ایک دوسرے کی ضد ہیں۔<br>طلبہ اسم معرفہ اور نکرہ بھی پڑھ چکے ہیں ان کی جانچ کرنے لے لیے ایک جملہ لکھا جائے ''کراچی پاکستان کا ایک بڑا شہر ہے۔'' پھر طلبہ سے پوچھیں کہ اس جملے میں اسم معرہ اور نکرہ کون کون سے ہیں۔ اس کے بعد کتاب میں دی گئی قواعد سمجھائیں اور مشق کروائیں۔ کوشش کیجیے کا ہر بچہ اس میں حصہ لے اور ان کو خود کرے۔ | سبق میں مصنف نے بہتر زندگی گزارنے کے لیے جن باتوں کا خیال رکھنے کا کہا ہے کیا آپ اپنی روزمرہ زندگی میں ان باتوں میں سے کن کن باتوں کا خیال رکھتے ہیں؟ |
| ۶ | | ۱۶ | سرگرمی<br>نئے الفاظ | اصولوں کی پابندی کرنا<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | جماعت کے پانچ پانچ طلبہ کے گروپ بنوائیں۔ ہر گروپ کو نمبر دیں۔ ہر گروپ چارٹ پیپر پر اسکول میں نظم وضبط کے حوالے سے ایک ایک جملہ خوش خط لکھے گا۔ اس کو اسکول کے مختلف سوفٹ بورد پر یا جماعت کے سوفٹ بورڈ پر لگائیں اور اس پر عمل کروائیں۔<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | اسم علم کی ہر قسم کو استعمال کرتے ہوئے ایک ایک جملہ لکھیں۔ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### چھٹا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۶ | ۱۸ | بہار کا گیت | موسم بہار کی خوب صورتی کا احساس پیدا کرنا<br><br>نظم کی تشریح | سب سے پہلے طلبہ سے پوچھیں سال میں کتنے موسم ہوتے ہیں؟ طلبہ بتائیں تو ان کو تختہ تحریر پر لکھا جائے۔اس کے بعد معلم جماعت کو چار گروہ میں تقسیم کریں اور ہر گروہ کسی ایک کی خصوصیات لکھے اور اس سے متعلق تصاویر بھی بنائے۔اس کام کے لیے۱۵سے۲۰ منٹ دیے جائیں۔معلم کی رہنمائی اور مشاورت شامل رہے۔ہر گروپ کے پاس جا کر معلم ہدایات بھی دے سکتے ہیں۔اس کے بعد موضوع کی طرف آئیں۔<br>استاد ہر طالب علم سے ایک یا دو شعر کی بلند خوانی کروائے اور الفاظ کو صحیح تلفظ کے ساتھ ادا کروائے۔اس کے بعد ایک شعر کی تشریح کی جائے۔ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | بہار کے منظر پر ایک پیشکش تیار کریں۔ ایک کمپیوٹر پیپر پر، glazed tissue paper paper, کی مدد سے پھول اور درخت بنائیں اور جہاں ضرورت ہو اور ڈرائنگ کر کے بہار کا منظر تیار کریں۔ |
| ۲ | | | | نظم کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائے تا کہ نظم ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ | |
| ۳ | | ۱۹ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات/ جملے بنانا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں۔دیئے گئے الفاظ کو جملوں استعمال کریں | مشق ۳۔۴ کر کے لائیں |
| ۴ | | | | سرگرمی | جماعت میں پھولوں کی نمائش کروائی جائے جس میں اسکول کی دوسری جماعتوں اور اساتذہ کو آنے کی دعوت دی جائے۔ ہر بچہ ایک پھول کا گملہ لائے اور اس پھول کے بارے چند بنیادی معلومات جمع کرے اور چند جملے آنے والوں کو بتائے۔ | اپنے پسندیدہ پھول کی تصویر بنائیں اور بتائیں کہ آپ کو یہ پھول کیوں پسند ہے؟ |
| ۵ | | | مشق ۵<br>نئے الفاظ | نثر نگاری<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | بچوں سے مصرعوں کی نثر نگاری کروائیں<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | مشق ۶ کر کے لائیں |
| ۶ | ۷ | ۲۰۔۲۳ | ڈاکٹر سے پہلے | حادثات سے بچاؤ اور ابتدائی طبی امداد کا شعور پیدا کرنا<br>بلند خوانی | طلبہ کے سامنے ایک فرسٹ ایڈ باکس لے کر آئیں اور طلبہ سے پوچھیں یہ کیا ہے؟ طلبہ کو اس ڈبے میں موجود چیزیں بھی دکھائی جائیں۔مثلاً روئی، پٹی۔کچھ مرہم والی دوائیں اور چھوٹی موٹی درد کی گولیاں۔ویڈیو بھی دکھائی جا سکتی ہے۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | آپ نے جو چیزیں فرسٹ ایڈ باکس میں جو جو چیزیں دیکھی ہیں ان کی تصاویر اپنی کاپی میں چسپاں کریں۔ |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## ساتواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۲ | ۷ | ۲۴ | مشق ۱۔۲ | سوالات و جوابات/ جملے | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں۔ دیئے گئے الفاظ کو جملوں استعمال کریں | مشق ۳۔۴ کر کے لائیں |
| ۳ | | | سرگرمی | طبی امداد کی عملی تربیت | کسی ڈاکٹر کو اسکول میں بلایا جائے تاکہ وہ آ کر طلبہ کو طبی امداد کے حوالے سے مزید کوئی معلومات فراہم کریں۔ اور کتاب میں دئے گئے مختلف حادثات میں سے کچھ کی مصنوعی طور صورت حال پیدا کر کے طلبہ کو اس کی ابتدائی طبی امداد کی مشق کرائی جائے۔ | مشق ۵ کر لے لائیں |
| ۴ | | ۲۵ | مشق ۶۔۷ | فعل لازم اور متعدی کی پہچان<br>/اسم ظرف مکاں اور زماں کی پہچان | ایک جملہ تختہ تحریر پر لکھا جائے۔ **"احمد کل کراچی آیا۔"** پھر طلباء سے پوچھا جائے کہ اس میں فعل، فاعل اور مفعول بتائیں۔ اس کے بعد دوسرا جملہ لکھیں **"احمد آیا۔"** پھر دونوں جملوں میں فرق پوچھا جائے۔ اس کے بعد دی گئی قواعد سمجھائیں اور مشق کرائیں اسم نکرہ کا اعادہ کروایا جائے۔ چند جملے لکھیں جیسے **"پاکستان ایک زرعی ملک ہے۔"** **"کراچی سب سے بڑا شہر ہے۔"** طلبہ سے پوچھیں کہ ان جملوں میں ملک اور شہر کیا ہے۔ پھر بتائیں کہ اسم نکرہ کی دو اقسام یہ ہیں: اسم ظرف مکاں اور اسم ظرف زماں۔ اس کے بعد دی گئی قواعد سمجھائیں اور مشق کروائیں۔ | |
| ۵ | | ۲۳ | سرگرمی<br>نئے الفاظ | فرسٹ ایڈ باکس تیار کرنا<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | اپنے گھر میں ایک فرسٹ ایڈ باکس کا انتظام کریں۔ اور اپنی جماعت میں بتائیں کہ آپ نے اپنا فرسٹ ایڈ باکس کیسے اور کس کی مدد سے تیار کیا۔<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | کیا آپ کے خیال میں ابتدائی طبی امداد کی تربیت لینا ضروری ہے؟ |
| ۶ | ۸ | ۲۶۔۲۷ | پاکستان کے فوجی اعزازات | پاکستانی عسکری اعزازات کے بارے میں آگاہی<br>بلند خوانی | سلائیڈ شو (slide show) کی مدد سے ایک پیشکش تیار کریں جس میں ان اعزازات کو دکھایا گیا ہو اور اسے پانے والے فوجیوں کے بارے میں مختصر معلومات ہوں۔ ساتھ ہی ان فوجیوں کی تصاویر بھی ہوں۔ یہ پیشکش کمپیوٹر یا لیپ ٹاپ پر دکھا سکتے ہیں استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | ایک چارٹ پر سبق میں دیئے گئے اعزازات کی تصاویر چسپاں کیجیے اور لکھیے کہ یہ اعزاز کیوں دیا جاتا ہے۔ |

| ۷ | | | انشاءپردازی | | انشاءپردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |
|---|---|---|---|---|---|---|

## معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### آٹھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اوران کی جانچ | |
| ۳ | ۸ | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہوتو استادرہنمائی کریں گے طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۴ | | ۲۸ | مشق ۱۔۳ | سوالات کے جوابات<br>افواج کے مختلف عہدوں سے آگاہی | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں۔<br>کتاب میں دی گئی ہدایات کے مطابق مشق ۳ کروائیں | مشق ۲۔۴ کر کے لائیں |
| ۵ | | | سرگرمی | عنوان پر پیشکش تیار کرنا | طلبہ کے چار گروپ بنائے جائیں اوران سے کمپیوٹر کی سرگرمی کروائی جائے۔ ہر گروپ ایک ایک فوجی اعزاز کے بارے میں پیشکش تیار کرے۔جس میں وہ اس فوجی اعزاز کی تصویر اوراس اعزاز کو پانے والے فوجیوں کے نام۔تصاویر اوران کے بارے میں چند جملے انٹرنیٹ کی مدد سے حاصل کریں اور سلائیڈ شو کے طور پر ایک پیشکش تیار کریں۔اس پیشکش کو معلم محفوظ کر لیں اور کسی دن پیشکش کو ملٹی میڈیا یا کمپیوٹ پر دکھایا جائے یا اس پیشکش کا پرنٹ آؤٹ لیا جائے اور جماعت میں سوفٹ بورڈ پر لگایا جائے۔طلبہ گروپ میں یا باری باری ہر پیشکش کے پاس جائیں اوران پر درج معلومات سے استفادہ حاصل کریں۔ | |
| ۶ | | ۲۹ | مشق ۵۔۷ | ضمیر فاعلی اور ضمیر مفعولی کی پہچان<br>علامت ختمہ کا استعمال | دی گئی قواعد اور ہدایات کو بچوں کو تفصیلاً سمجھائیں اور پھر مشق کروائیں۔کوشش کیجیے کا ہر بچہ اس میں حصہ لے اوران کو خود کرے۔ | مشق ۶ کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاءپردازی | | انشاءپردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

## معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### نواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۸ | ۲۸ | نئے الفاظ | نئے الفاظ کے معنی جاننا<br>سبق کی مزید جانچ | کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں<br>سبق کے اختتام پر طلبہ سے چند سوالات کئے جائیں گے مثلاً: ۱۔ پاکستان کی تینوں افواج کے نام لکھیے؟<br>۲۔اعزازات کتنی قسم کے ہوتے ہیں؟ ۳۔حضرت علیؓ کا لقب کیا ہے؟ | کسی بھی ایک فوج اعزاز پر ایک پیرا گراف لکھ کر لائیں۔مزید معلومات کے لیے نیٹ کی مدد لیں۔ |
| ۲ | ۹ | ۳۰ ۔۳۱ | رعنا لیاقت علی خان | خواتین رہنماؤں کے کارناموں سے آگاہی<br>بلند خوانی | معلم طلباء سے پوچھیں کہ تحریک پاکستان میں کیا صرف مردوں نے حصہ لیا؟ بچے جواب دیں گے۔اس کے بعد ان سے کچھ خواتین رہنما کے نام پوچھیں۔پھر انہیں موضوع کی طرف لائیں۔اس کے علاوہ یوٹیوب پر عنوان سے متعلق کوئی وڈیو دکھائی جا سکتی ہے۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے یا پڑھوائے اور سبق کا مقصد سمجھائے | رعنا لیاقت علی خان کے علاوہ کون سی خاتون رہنما قیام پاکستان میں قائداعظم ساتھ ساتھ تھیں۔ |
| ۳ | | | | سبق کی پڑھائی | استاد کی رہنمائی میں طلبہ سے سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔دورانِ بلند خوانی طلبا نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں | |
| ۴ | | ۳۲ | مشق ۱۔۳ | سوالات کے جوابات<br>محاورات کی درستگی | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں۔<br>دیئے گئے محاورے میں موجود غلطیوں کو درست کر کے لکھوائیں | مشق ۲۔۴ کر کے لائیں |
| ۵ | | | سرگرمی | سبق کو ذہن نشین کرنا | طلبہ کو چار چار کے گروپ میں تقسیم کیا جائے اور کل چھ یا سات گروپ بنوائے جائیں۔ہر گروپ کو نمبر یا نام دیا جائے ۔اس کے بعد ہر گروپ سے کہا جائے کہ وہ سبق کے متعلق تین تین سوالات بنائے۔ہر گروپ کسی ایک پرچے پر تین سوالات تحریر کرے گا۔اس کے بعد تمام گروپ آپس میں ان سوالات کا تبادلہ کریں گے اور ان کے جوابات تحریر کریں گے۔یہ ایک چھوٹی سی سرگرمی ہے جس سے سبق اچھی طرح سمجھ میں آجائے گا۔ | مشق ۶ کر کے لائیں |
| ۶ | | | مشق ۵<br>نئے الفاظ | تشبیہ کی پہچان<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | دی گئی قواعد سمجھائیں اور مشق کروائیں۔کتاب کے علاوہ کچھ اور تشبیہ بھی تلاش کیے جائیں۔<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | مشق ۷ کر کے لائیں |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں | |

## معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### دسواں ہفتہ

| گھر کا کام | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | تدریسی مقصد | عنوان | صفحہ نمبر | سبق نمبر | پیریڈ |
|---|---|---|---|---|---|---|
| نظیرا کبرآبادی کی کوئی اور نظم نیٹ سے تلاس کر کے یاد کریں یا لکھ کر لائیں | طلباء سے انفرادی طور پر ایک کل جماعتی گفتگو میں ایک سوال کریں: آپ اپنی روزمرہ زندگی میں اگر اپنے اردگرد نظر دوڑائیں تو آپ کو کس طرح کے لوگ نظر آتے ہیں؟ طلبہ کو سوچنے کے لیے وقت دیا جائے انہیں مثال دی جائے جیسے اچھے اور برے انسان بھی ہوتے ہیں۔ طلبہ بتائیں گے کہ امیر غریب لوگ ہوتے ہیں، خراب لوگ جو برے کام کرتے ہیں اور اچھے لوگ جو اچھے کام کرتے ہیں اور لوگوں سے اچھا برتاؤ رکھتے ہیں وغیرہ۔ اس کے بعد موضوع کی طرف آئیں۔<br>استاد ہر طالب علم سے ایک یا دو شعر کی بلند خوانی کروائے اور الفاظ کو صحیح تلفظ کے ساتھ ادا کروائے۔ اس کے بعد ایک ایک شعر کی تشریح کی جائے۔ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | شاعری کی ہیئت ''مخمس'' سے آگاہی<br>نظم کی تشریح | آدمی نامہ | ۳۴ | ۱۰ | ۱ |
| مشق ۲، ۴ گھر سے کر کے لائیں | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیئے گئے الفاظ کے معنی لکھیے۔ | سوالات کے جوابات<br>الفاظ کے معنی لکھنا | مشق ۱، ۳ | ۳۵ | | ۲ |
| مشق ۵۔۶ گھر سے کر کے لائیں | دیے گئے مصرعوں کو نثر میں لکھیں<br>طلباء کو ضرب المثال کی تعریف بتائیں۔ کتاب میں دی گئی ہدایات سمجھائیں اور مشق کروائیں۔<br>(یوٹیوب پر موجود ان ضرب الامثال پر مبنی کہانیوں میں سے کوئی کہانی دکھائی جاسکتی ہے) | مصرعوں کی نثر لکھنا اور کہاوتوں کی معنی جاننا<br>سرگرمی | مشق ۷۔۸ | ۳۶ | | ۳ |
| نظم کے مطابق کس قسم کے لوگ یا آدمی معاشرے پر دھبّہ ہیں یا معاشرے میں خرابی کا باعث ہیں؟ | نظم کے پہلے، تیسرے اور پانچویں بند بچوں سے ٹیبلو کروایا جائے۔ مثلاً ایک مصرع ہے: دنیا میں بادشاہ ہے سو ہے وہ بھی آدمی۔ تو اس میں بادشاہ کا کردار دکھایا جاسکتا ہے اور مفلس اور فقیر کی اداکاری بھی کروائی جاسکتی ہے۔ | سرگرمی | | | | ۴ |
| | کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں<br>استاد نظم کی بلند خوانی کروائیں اور قافیوں کی نشان دہی بچوں سے کروائیں | نئے الفاظ کے معنی جاننا<br>قافیے کی پہچان کروانا | نئے الفاظ<br>سرگرمی | ۳۵ | | ۵ |

| | | | | | | |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ٦ | ١١ | ٩٠-٩٢ | بارش سے پہلے اور بارش کے بعد | بارش کے موسم کی دلکشی اور اہمیت اجاگر کرنا<br><br>بلند خوانی | طلباء سے ایک کل جماعتی گفتگو میں چند سوالات کریں مثلاً سال میں کتنے موسم ہوتے ہیں؟ کون سے موسم میں ہم کیا کرتے ہیں آپ کا پسندیدہ موسم کون سا ہے؟ وغیرہ۔ اس کے بعد موضوع کی طرف آتے ہوئے طلباء کو بتائیں کہ ایک موسم موسم برسات بھی ہوتا ہے یعنی بارش کا موسم جو گرمیوں کے بعد آتا ہے۔<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے اور سبق کا مقصد سمجھائے | بارش کے موسم میں لوگ کس طرح لطف اندوز ہوتے ہیں، نقشہ کھینچے۔ |
| ٧ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## گیارہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۱ | ۹۰-۹۲ | بارش کے پہلے اور بارش کے بعد | سبق کی پڑھائی | سبق میں دو دوستوں کے درمیان گفتگو ہو رہی ہے لہٰذا معلم دو بچوں سے اس سبق کی بلند خوانی کرواسکتے ہیں اور بچوں کو یہ ہدایت دی جائے کہ وہ ان مکالموں کو اس طرح ادا کریں کہ ان میں حقیقت کا رنگ نظر آئے۔گے۔دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۲ | | ۹۳-۹۴ | مشق ۱-۴ | سوالات کے جوابات<br>فعل کی اقسام جاننا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>استاد دی گئی قواعد اور ہدایات کو بچوں کو تفصیلاً سمجھائیں اور پھر مشق کروائیں۔رکوشش کیجیے کا ہر بچہ اس میں حصہ لے اور ان کو خود کرے | مشق ۲-۳ گھر سے کر کے لائیں |
| ۳ | | ۹۴ | مشق ۵-۶ | مذکر مونث کی تبدیلی<br>اسم ذات کی اقسام کی پہچان | مذکر جملوں کو مونث اور مونث جملوں کو مذکر میں تبدیل کروائیں۔<br>استاد دی گئی قواعد اور ہدایات کو بچوں کو تفصیلاً سمجھائیں اور پھر مشق کروائیں۔کوشش کریں ہر بچہ اس میں حصہ لے اور ان کو خود کرے | کتاب کے علاوہ اسم ذات کی ہر قسم کی دو دو مثالیں لکھ کر لائیں |
| ۴-۵ | | | سرگرمی<br>۹۳ | تحریری صلاحیت ابھارنا<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | جماعت کو دو حصوں میں تقسیم کیا جائے یعنی دو ٹیمیں بنائی جائیں۔ایک ٹیم بارش کے فوائد اور دوسری ٹیم بارش کے نقصانات پر زبانی اپنے خیالات کا اظہار کرے۔آخر میں معلم طلبہ کے نکات کو سامنے رکھتے ہوئے اپنی رائے شامل کرتے ہوئے گفتگو کا اختتام کریں۔<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | بارش کے موضوع پر کوئی نظم خوش خط لکھ کر لائیں۔منظر کشی بھی کریں۔ |
| ۶ | ۱۲ | ۴۱-۴۲ | انشاجی لندن میں | طلباء میں ذوق مزاح پیدا کرنا<br>بلند خوانی | ایک کل جماعتی گفتگو میں سوال کریں کہ اردو میں آپ میں سے کس کو مطالعہ کی عادت ہے؟ پھر ان سے پوچھا جائے کہ آپ کس قسم کی کتابوں کا مطالعہ کرتے ہیں مثلاً معلوماتی،مزاحیہ،سنجیدہ،سبق آموز،مزہبی،طنز و مزاح وغیرہ۔اس کے بعد معلم موضوع کی طرف آئیں<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے یا پڑھوائے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیارِ اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### بارہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱۔۲ | | | | گزشتہ ہفتوں میں کروائے گئے کام کی جانچ | پڑھائے گئے اسباق اور گھر میں دی گئی ورک شیٹ کا اعادہ اور ان کی جانچ | |
| ۳ | ۱۲ | ۴۱۔۴۲ | انشا جی لندن میں | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | سبق میں آپ کو کن باتوں نے ہنسنے پر مجبور کیا؟ |
| ۴ | | ۴۴ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات اور جملے بنانا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں۔ دیئے گئے الفاظ کے جملے بنائیں | مشق ۳ گھر سے کر کے لائیں |
| ۵ | | ۴۳۔۴۴ | مشق ۴۔۵<br>سرگرمی | حرف عطف اور علامت اوقاف کی یاد دہانی<br><br>اسم اشارہ کی یاد دہانی | طلباء کی سابقہ معلومات جانچی جائیں اور انہیں حروف عطف اور علامت اوقاف کے بارے میں بتایا جائے۔ سب سے پہلے ایک جملہ تختہ سیاہ پر لکھا جائے۔ مثلاً ''اس کا سفر بڑے آرام سکون سے گزرا جس میں اس نے بادشاہی مسجد شاہی قلعہ مینار پاکستان دیکھا'' بچوں سے پوچھا جائے اس میں کیا کمی ہے؟ ان کے جواب دینے کے بعد کتاب میں دی گئی تفصیل سمجھائیں اور مشق کروائیں۔<br>طلباء سے پوچھیں کہ کسی چیز کی طرف اشارہ کرنے کے لیے ہم کون کون سے الفاظ استعمال کرتے ہیں۔ طلبہ کے بتائے ہوئے الفاظ کو تختہ تحریر پر لکھا جائے۔ طلبہ اگر غلط بتائیں تو وہ لفظ نہ لکھیں۔ اس کے بعد معلم طلبہ کو بتائیں کہ وہ الفاظ یا وہ اسم جو کسی شخص، چیز یا جگہ کی طرف اشارہ کرنے کے لیے استعمال ہو۔ اسم اشارہ کہلاتا ہے۔ مثلاً۔ جیسے۔ یہ۔ وہ۔ اس ۔ان وغیرہ۔ اس کے بعد کتاب میں دی گئی تفصیل سمجھائیں اور مشق کروائیں۔ | تین ایسے جملے لکھ کر لائیں جن میں حرف عطف اور علامات اوقاف استعمال ہوئے ہوں۔ جملے کتاب کے علاوہ ہوں۔<br>چار جملے لکھیں جن میں اسم اشارہ استعمال ہوا ہو۔ جملے کتاب کے علاوہ ہوں۔ |
| ۶ | | ۴۴<br>۴۲ | مشق ۶<br>نئے الفاظ | مرکب الفاظ بنانا<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | استاد دی گئی قواعد اور ہدایات کو بچوں کو تفصیلاً سمجھائیں اور پھر مشق کروائیں۔<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | ابن انشا کی کسی مزاحیہ کتاب سے کوئی ایک پیراگراف خوشخط لکھ کر لائیے۔ |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیادِاول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## تیرہواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۳ | ۴۵۔۴۶ | سنہرے مجسمے | بچوں کو رازداری کی اہمیت بتانا<br><br>بلند خوانی | ایک کل جماعتی گفتگو میں طلبہ سے انفرادی طور پر سوال کریں کہ کہانی کی کتنی اقسام ہوتی ہیں؟ آپ کو کس قسم کی کہانیاں پسند ہیں؟ کوئی ایسی کہانی جس کو پڑھ کر آپ کو کوئی سبق ملا ہو؟ یا آپ نے اس کہانی سے کچھ سیکھا ہو؟ پھر موضوع کی طرف آئیں اور بتائیں کہ یہ کہانی ممتاز شاعر صوفی غلام مصطفیٰ تبسم نے لکھی ہے<br>استاد باآواز بلند سبق کو پڑھے یا پڑھوائے اور سبق کا مقصد سمجھائے | نیٹ کی مدد سے صوفی غلام مصطفیٰ تبسم کی بچوں کے لیے لکھی گئی دو نظمیں یاد کریں اور لکھ کر لائیں |
| ۲ | | | | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۳ | | | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات اور جملے بنانا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں۔ دیئے گئے الفاظ کے جملے بنائیں | مشق ۳۔۴ کر کے آئیں |
| ۴ | | | مشق ۵۔۷ | درخواست لکھنا<br>قوسین کا استعمال | بچے پچھلی جماعتوں میں درخواست لکھ چکے ہیں۔ اس لیے ان کا اعاسہ کیا جائے۔ بچے استاد کی رہنمائی میں درخواست خود لکھیں۔ قوسین کا استعمال کرتے ہوئے جملے بنائیں | مشق ۶ کر کے لائیں |
| ۵ | | | سرگرمی | تحریری صلاحیت ابھارنا<br><br>ڈرامہ پیش کرنا | یو۔ٹیوب پر موجود کوئی سبق آموز کہانی دکھائی جائے اور طلباء سے کہا جائے کہ اس سے آپ نے جو سبق سیکھا اس کو اپنے الفاظ میں لکھیں۔ یا<br>اس سبق کو ڈرامے کے انداز میں جماعت میں کروایا جائے۔ استاد کی رہنمائی شامل رہے گی۔ | اپنی زندگی کا کوئی سبق آموز واقعہ لکھ کر لائیں۔ |
| ۶ | | | نئے الفاظ<br>سرگرمی | نئے الفاظ کے معنی جاننا<br>اقوالِ زریں یاد کروانا | کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں<br>استاد بچوں میں اقوالِ زریں سنانے کا مقابلہ کروائیں | سوالات کے جوابات یاد کر کے آئیں۔ |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاداول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### چودھواں ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۴ | ۶۴ | مسدس حالی | بچوں کو اردو کی عظیم قومی نظم سے روشناس کروانا<br>نظم کی تشریح | طلباء کو بتایا جائے نظم کی بہت سی اقسام ہوتی ہیں۔اس میں سے ایک قسم مسدس ہے۔مسدس شاعری کی ایک اہم صنف ہے جس کے لفظی معنی چھ کے ہیں۔ایسی نظم جس کے ہر بند میں چھ مصرعے ہوں مسدس کہلاتی ہے۔ہر بند کے پہلے چار مصرعے ہم قافیہ ہم ردیف ہوتے ہیں آخری دو مصرعے بھی ہم قافیہ ہوتے ہیں لیکن ابتدائی چار مصرعوں سے بالکل مختلف ان دونوں مصرعوں میں واقعہ کو مکمل کر دیا جاتا ہے۔آج ہم اسی حوالے سے ایک نظم پڑھیں گے جو مولانا حالی کی ایک تاریخی نظم ہے اور قومی شاعری میں مولانا حالی کو ان کی جس تصنیف نے غیر فانی بنایا وہ ان کی یہی نظم ہے۔یہ ایک طویل نظم ہے اس کا کچھ حصہ ہمارے نصاب میں موجود ہے۔اردو ادب کے اس شاہکار کی مثال دنیا کے کسی ادب میں نہیں ملتی۔<br>استاد نظم کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں۔ | مسدس حالی ایک طویل نظم ہے نیٹ کی مدد سے اس کا ایک اور بند لکھیے جو کتاب میں نہ ہو۔ |
| ۲ | | | | نظم کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے نظم کی بلند خوانی کروائے تاکہ نظم ان کو زبانی یاد ہو جائے۔درست تلفظ، تاثرات اور جذبے کے ساتھ نظم پڑھیے | |
| ۳ | | ۶۵ | مشق ۱۔۴ | سوالات کے جوابات<br>شعر مکمل کرنا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>دیے گئے اشعار مکمل کیجیے | مشق ۲۔۳ کر کے لائیں |
| ۴ | | ۶۶ | مشق ۵۔۶ | ہم قافیہ الفاظ لکھنا/نثر نگاری | دیے گئے الفاظ کے ہم قافیہ الفاظ لکھیے۔دیے گئے مصرعوں کو سادہ نثر میں لکھیے۔ | مشق ۷۔۸ کر کے لائیں |
| ۵ | | | سرگرمی | سبق سے مزید آگاہی | ا اس نظم میں آپ کی چند تعلیمات بیان کی گئی ہیں اور روزمرہ زندگی میں چند اچھی عادتوں کو اپنانے اور ایسے کام کرنے کی ہدایت کی گئی ہے جو انسان کی دنیا اور آخرت دونوں کو سنوار سکتے ہیں۔آپ ان تعلیمات کی ایک فہرست تیار کیجیے: (نظم سے مدد لیجیے) | اس نظم کا جو بند آپ کو سب سے اچھا لگا اس کو یاد کریں |
| ۶ | | ۶۵ | نئے الفاظ<br>سرگرمی | نئے الفاظ کے معنی جاننا<br>نعتیہ بند کی پہچان | کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں<br>اس نظم سے نعتیہ بند تلاش کر کے لکھیں | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

## معیاد اول (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پندرہواں، سولہواں ہفتہ

| طریقہ تدریس | مقاصد تدریس | عنوانات |
|---|---|---|
| ورک شیٹس بنا کر اعادہ کروائیں | امتحان کی تیاری | اعادہ |

# اساتذہ کے لیے تدریسی خاکہ علم ادب کلاس۔۷

## معیاد دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

### پہلا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۵ | ۴ | نعت | حضورﷺ کی عظمت ذہن نشین کرانا<br><br>نعت کی تشریح | معلم جماعت میں داخل ہوتے ہی طلباء کو اقبالؔ کا ایک شعر سنائیں<br>کی محمدؐ سے وفا تو نے تو ہم تیرے ہیں     یہ جہاں چیز ہے کیا لوح و قلم تیرے ہیں<br>اس شعر سے شاعر کی مراد یہ ہے کہ محمدؐ اللہ تعالیٰ کے محبوب ہیں اور جس نے محمدؐ کی پیروی کی تو اللہ تعالیٰ بھی ان لوگوں کو دین اور دنیا میں بلند مرتبہ عطا کرتا ہے۔ جو محمدؐ پر ایمان لایا اس کی دنیا بھی سنورے گی اور دین میں بھی اسے بلند مرتبہ حاصل ہوگا۔ اس کے بعد موضوع کی طرف آئیں۔<br>استاد نعت کے ایک ایک شعر کو با آواز بلند پڑھے اور اس کی تشریح سمجھائے۔ طلبا دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کرتے رہیں | آپ کو جو نعت سب سے اچھی لگتی ہو اس کو یاد کر کے آئیں۔ یہ بھی معلوم کریں کہ یہ نعت کس نے لکھی ہے اور نعت خواں کون ہیں۔ |
| ۲ | | | | نعت کو زبانی یاد کروانا | استاد بچوں سے نعت کی بلند خوانی کروائے تاکہ نعت ان کو زبانی یاد ہو جائے۔ درست تلفظ، تاثرات اور جذبے کے ساتھ نعت پڑھیے | |
| ۳ | | ۵ | مشق ۱۔۳ | سوالات کے جوابات<br>نثر نویسی | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں<br>استاد دی گئی ہدایات سمجھائیں اور مصرعوں کی نثر لکھوائیں۔ | مشق ۲۔۴ گھر سے کر کے لائیں |
| ۴ | | ۴ | مشق ۵۔۶ | مترادف اور متضاد کا فرق بتانا<br>واحد کی جمع اور جمع کی واحد | استاد بچوں سے مترادف اور متضاد کا فرق پوچھے اور پھر مشق نمبر ۵ کروائے۔<br>استاد بچوں سے جمع الفاظ کی واحد اور واحد الفاظ کی جمع لکھوائیں | پانچ مترادف اور پانچ متضاد الفاظ لکھ کر لائیں |
| ۵ | | ۵ | سرگرمی<br>نئے الفاظ | نعت یاد کرنا<br>نئے الفاظ کے معنی جاننا | جماعت میں نعت خوانی کا مقابلہ کروایا جائے۔<br>کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں | |
| ۶ | ۱۶ | ۵۱۔۵۳ | فٹ بال کا کمال | دنیا کے سب سے مقبول کھیل کے بارے میں جاننا<br>بلند خوانی | بچوں کو کمپیوٹر پر فٹبال کے کھیل جھلکی دکھائیں اور پوچھیں کہ اس کھیل کا کیا نام ہے؟ کیا آپ جانتے ہیں کہ دنیا کا سب سے مقبول کھیل کون سا ہے؟ کون کون فٹبال کھیلتا ہے؟ اس کی سب سے مشہور ٹیم کون سی ہے؟ وغیرہ۔ اس کے بعد موضوع کی طرف آئیں؟<br>استاد با آواز بلند سبق کو پڑھے یا پڑھوائے اور سبق کا مقصد سمجھائے | |
| ۷ | | | انشاء پردازی | | انشاء پردازی کے مختص کردہ صفحات کلاس میں کروائے جائیں۔ | |

# معیاد دوم (اسباق کی ہفتہ وار تقسیم)

## دوسرا ہفتہ

| پیریڈ | سبق نمبر | صفحہ نمبر | عنوان | تدریسی مقصد | طریقہ تدریس / سرگرمیاں | گھر کا کام |
|---|---|---|---|---|---|---|
| ۱ | ۱۶ | | فٹ بال کا کمال | سبق کی پڑھائی | سبق کی بلند خوانی کروائی جائے گی۔ اگر طلبہ کے لیے انفرادی طور پر پڑھنا مشکل ہو تو استاد رہنمائی کریں گے طلبا سے کہا جائے گا کہ دورانِ بلند خوانی نئے الفاظ کے نیچے خط کشید کریں۔ | |
| ۲ | | ۵۴ | مشق ۱۔۲ | سوالات کے جوابات<br>جملے بنانا | استاد کی مدد سے طالب علم خود سے سوالات کے جوابات تلاش کر کے تحریر کریں۔<br>دیئے گئے الفاظ کے جملے بنائیں | مشق ۳۔۴ گھر سے کر کے لائیں |
| ۳ | | ۵۴۔۵۵ | مشق ۵۔۶ | صفت اور موصوف کی پہچان<br>اسم تفضیل کی پہچان | استاد دی گئی قواعد اور ہدایات کو بچوں کو تفصیلاً سمجھائیں اور پھر مشق کروائیں<br>ان دونوں مشقوں کو جماعت میں کروائیں اور کوشش کیجیے کا ہر بچہ اس میں حصہ لے اور ان کو خود کرے | مشق ۷ کر کے آئیں |
| ۴ | | ۵۳ | نئے الفاظ<br>سرگرمی | نئے الفاظ کے معنی جاننا<br>فٹ بال کے اصول وضوابط سیکھنا | کتاب کے آخر میں دی گئی فرہنگ سے بچے نئے الفاظ کے معنی خود تلاش کر کے لکھیں<br>پی ٹی ماسٹر سے مدد لیتے ہوئے ایک فٹ بال میچ کا انعقاد کروایا جائے۔ جماعت کے تمام طالب علموں کو دو ٹیموں میں تقسیم کیا جائے اور اس کھیل کے تمام اصول وضوابط سکھا کر آپس میں ایک ہاف کا میچ کروایا جائے۔ | فٹ بال کے کسی ایک میچ کا آنکھوں دیکھا حال اپنی زبانی لکھیے: |
